© rasailojaraid.com



## اسلام اور اہل کتاب
ISLAM VERSUS AHL KITAB

تالیف: محترمہ مریم جمیلہ صاحبہ۔ شائع کردہ: جناب محمد یوسف خان، سنت نگر، لاہور۔ قیمت ۱۲ روپے۔ صفحات ۳۲۰۔

اس کتاب میں اُن سازشوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے جو کہ صیہونیت اور عیسائیت کے علمبردار اسلام کے خلاف کر رہے ہیں اور ملیائے اسلام کو ان کے خطرات سے آگاہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ فاضل مصنفہ نے جو بات کہی ہے اس کے لیے ٹھوس دلائل پیش کیے ہیں اور صیہونی اور عیسائی مصنفین کی تحریروں سے یہ ثابت کیا ہے کہ اُن کے سامنے مذہب سے وابستگی کا بجز اس کے اور کوئی مقصد نہیں کہ کسی طرح اسلام اور مسلمانوں کو برباد کیا جائے۔

کتاب کا پہلا باب جس میں محترمہ مریم جمیلہ نے اپنے مسلمان ہونے کی داستان قلمبند کی ہے، ان کے خلوص اور اسلام سے گہری عقیدت کا آئینہ دار ہے۔ کتاب کے صفحہ ۲۱ پر ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا جن الفاظ میں ذکر کیا گیا ہے وہ مناسب نہیں۔ ہمیں اس بات کی توقع ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں یہ الفاظ بدل دیے جائیں گے۔

---

## مشاہیرِ اسلام
تالیف: ڈاکٹر امیر حسن صدیقی، پروفیسر و صدر شعبہ اسلامی تاریخ، کراچی یونیورسٹی۔ ترجمہ: جناب امین احمد صاحب۔ شائع کردہ: جمعیت الفلاح کراچی۔ قیمت درج نہیں۔ صفحات ۱۷۳۔

اس کتاب میں تاریخ اسلامی کے نامور استاد نے اُمتِ مسلمہ کی ۱۲ عظیم شخصیتوں کے حالات بڑے سلیقے سے انداز میں قلمبند کیے ہیں۔ حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے علاوہ اس کتاب میں حضرت عمر بن عبدالعزیز، خلیفہ ابو جعفر المنصور، خلیفہ ہارون الرشید، خلیفہ المامون، امیر عبدالرحمٰن الداخل، امیر ہشام اور خلیفہ عبدالرحمٰن الناصر کے حالاتِ زندگی شامل ہیں۔ جناب امین صاحب نے ان مقالات کو انگریزی زبان سے بڑی عمدگی کے ساتھ اردو میں منتقل کیا ہے۔ معیارِ طباعت اچھا ہے۔

---

## النبیؐ الخاتم
تالیف: مولانا سید مناظر احسن گیلانی مرحوم و مغفور۔ شائع کردہ: مکتبہ رشیدیہ، لاہور۔ صفحات ۱۴۴۔ قیمت ساڑھے چار روپے۔

© rasailojaraid.com